Series: **YXWZ4**

**SET ~ 4**

کوڈ Q.P.
Q.P. Code **30**

رول نمبر
**Roll No.**

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

**نوٹ:**

(I) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامہ میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد **7** ہے۔

(II) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔

(III) سوالنامے کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔

(IV) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے، سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی میں دی گئی جگہ پر ضرور لکھیں۔**

(V) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلبا صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

~

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

مقررہ وقت : *3* گھنٹے
*Time allowed : **3** hours*

کل نمبر : *80*
*Maximum Marks : **80***

عام ہدایات:

(i) یہ سوالنامہ 2 حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) اس سوالنامے میں کل 11 سوالات ہیں۔

(iii) **حصہ-الف** میں سوال نمبر 1 تا 8 عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب پر مبنی ہیں۔

(iv) **حصہ-ب** میں سوال نمبر 9 تا 11 اردو زبان کی تاریخ سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(v) مخصوص ہدایات کے مطابق سوالات حل کیجیے۔

(vi) جواب لکھنے سے پہلے جوابی کاپی پر سوال نمبر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) Question paper is divided into **2** Sections.

(ii) It has total **11** Questions.

(iii) **Section A** : Q. No. **1** to **8** are based on reading and comprehension, Text-books.

(iv) **Section B** : Q. No. **9** to **11** are based on History of Urdu Literature.

(v) Attempt questions as per specific instructions.

(vi) Write Question No. in Answer-book before attempting it.

## حصہ-الف : عبارت فہمی، شعر فہمی اور درسی کتب (50 نمبر)

## (Section – A : Reading & Comprehension and Text books) (50 Marks)

1. درج ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے: **5 × 2 = 10**

(a) پہلے تو ان نوٹوں کو نقلی سمجھا گیا، لیکن جب سرکار نے یہ اعلان کیا کہ وہ سب نوٹ اصلی ہیں، کیوں کہ ان نوٹوں کے بدلے میں سرکار کے خزانے میں اتنا سونا بھی روز بروز بڑھتا جارہا ہے، تو بہت سوں کا مارے خوشی کے ہارٹ فیل ہو گیا۔ جو پہلے سے کروڑپتی اور ارب پتی تھے ان کی سب سے بڑی پریشانی مزدور تھا، جو آنکھ میں لگانے کے لئے بھی نہیں ملتا تھا۔ کارخانے بند ہونا شروع ہو گئے تو دوسرے ملکوں نے اپنا رڈی سامان پہنچانا شروع کر دیا۔ ملک کے بڑے بڑے انجنیئر، سائینٹسٹ، ٹیکنوکریٹ کوڑی کے تین ہو گئے۔ باہر کے ملکوں نے جب تجارت کے نام پر دھاندلی شروع کر دی اور ایک ہزار روپیہ میں ایک ماچس بیچنا شروع کر دی تو حکومت بوکھلا گئی۔ لیکن اس دن تو حکومت کے ہاتھوں سے طوطے ہی اُڑ گئے، جب اسے یہ معلوم ہوا کہ ملک کے کسان اپنی دولت چپکے چپکے دوسرے ملکوں کے بینکوں میں جمع کر کے، کھسکتے جارہے ہیں اور فصل اگانا توہین آمیز کام سمجھ رہے ہیں۔

یہ دیکھ کر حکومت نے اپنے اعلیٰ دماغوں کو یکجا کیا۔ بڑے پیمانے پر سیمنار کیے۔ سوال یہ تھا کہ سو فیصد لوگ ایک ساتھ ایک جیسے مالدار ہو سکتے ہیں؟ کیا سب کو مالدار ہو جانے دیا جائے؟

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) لوگوں کا کس خوشی سے ہارٹ فیل ہو گیا تھا؟

(iii) دوسرے ملکوں نے اپنے رڈّی سامان کو ملک میں کیوں پہنچانا شروع کر دیا تھا؟

(iv) ملک کے کسانوں کی وجہ سے حکومت کیوں گھبرا گئی تھی؟

(v) اس اقتباس میں شامل محاوروں میں سے صرف دو محاورے لکھیے۔

**یا (OR)**

(b) اِدھر اُدھر کی باتوں میں ہم اس قدر محو تھے کہ ارد گرد کی کچھ خبر نہیں رہی تھی۔ جب میں نے جنگل میں شیر کے فرضی شکار کی کہانی سنائی اور میں نے شیر کے سامنے کھڑے ہو کر اس پر گولی چلائی تھی تو عورت کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ حیرت سے بولی "لیکن میں نے تو سنا ہے کہ شیر کا شکار مچان پر بیٹھ کر کیا جاتا ہے"۔

"جی ہاں"۔ میں نے بے پروائی سے جواب دیا "لیکن کہنہ مشق شکاری مچان پر کبھی نہیں بیٹھتے ہیں"۔ وہ میری بات پر ایمان لے آئی۔ باتوں باتوں میں مجھے خیال آیا کہ مرد کے دل میں عورت کی کشش کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ عورت کے سامنے وہ دل کھول کر جھوٹ بول سکتا ہے۔ عورت طفلانہ انداز سے کئی باتیں پوچھتی رہی اور میں بڑی توجہ سے ان کے جواب دیتا رہا۔ بس کی منزل قریب آ رہی تھی۔ بے بی ابھی تک میری گود میں بیٹھی تھی۔ دفعتاً مجھے محسوس ہوا کہ کام نکل جانے کے بعد بے بی کو تو میں بھول ہی گیا تھا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) یہ اقتباس ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(iii) عورت کو مرد کے کس جھوٹ سے حیرانی ہوئی؟

(iv) اس اقتباس کے مطابق عورت کے سامنے کھل کر جھوٹ کیوں بولا جا سکتا ہے؟

(v) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے:

کہنہ مشق، طفلانہ انداز

2. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب **سو (100)** الفاظ میں لکھیے:   $1 \times 5 = 5$

(i) انشائیہ ''مچھر'' میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟

(ii) طنز و مزاح یا خود نوشت میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

3. درج ذیل میں سے صرف **دو** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے:   $2 \times 2\frac{1}{2} = 5$

(i) کلیم الدین احمد کی تنقیدی اہمیت کے بارے میں بتائیے۔

(ii) رام لعل کے پاکستان جانے کی وجوہات کیا تھیں؟

(iii) سبق ''غالب جدید شعراء کی ایک مجلس میں'' میں جدید شاعری کی کیا خصوصیات بتائی گئی ہیں؟

(iv) ڈاکٹر عبد العلیم یا قاضی عبد الغفار میں سے کسی ایک کے کردار کی خصوصیات بیان کیجیے۔

4. (a) درج ذیل درسی شعری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے:   $5 \times 2 = 10$

ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا ہے — کیا بُرا ہے جو یہ افواہ اڑا دی جائے

ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی — آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

ابھی گلرنگ دریچوں سے سحر جھانکے گی — کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دعا دی جائے

ہم سے پوچھو غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا — چند لفظوں میں کوئی آگ سی چھپا دی جائے

(i) درج بالا اشعار شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں اور اس کے شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(ii) مندرجہ بالا اشعار کے قافیوں کی فہرست بنائیے اور ان کی ردیف بھی لکھیے۔

(iii) شاعر نے انسانوں کے دکھ درد کا کیا حل تلاش کیا ہے؟

(iv) گلرنگ دریچوں سے کیا مراد ہے؟

(v) شاعر کے مطابق غزل کے فن کی خصوصیات کیا ہے؟

**یا (OR)**

(b) ہر حال میں مشیّت مجھ کو بنا رہی ہے — میں اس کی قدرتوں کا شہکار بن رہا ہوں
خود اپنی جنتوں کی تخلیق کر رہا ہوں — خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں
یہ جبر و قدر کی اک منزل ہے درمیانی — مجبور تو ہوں لیکن مختار بن رہا ہوں

یہ راہ وہ ہے جس میں ہر سانس اک سفر ہے
منزل بھی راستہ ہے لغزش بھی راہبر ہے

(i) یہ اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(ii) اس کی قدرتوں کا شہکار بننے سے کیا مراد ہے؟
(iii) ''جبر و قدر'' اور ''مجبور - مختار'' ان لفظوں کے ذریعے اقتباس میں کون سی صنعت بن رہی ہے؟
(iv) شاعر کے مطابق لغزش کیسے راہبر بن گئی ہے؟
(v) معنی لکھیے: مشیّت — معمار

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب **سو (100)** الفاظ میں لکھیے: $1 \times 5 = 5$
(i) جاں نثار اختر یا معین احسن جذبی میں سے کسی ایک شاعر کی ذاتی اور ادبی زندگی پر روشنی ڈالیے۔
(ii) نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

6. درج ذیل سوالات میں سے صرف **دو** کے مختصر جواب لکھیے: $2 \times 2\frac{1}{2} = 5$
(i) نظم ''ارتقا'' میں جمیل مظہری نے کیا پیغام دیا ہے؟
(ii) ''روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' یہ کس تاریخی واقعے پر مبنی نظم ہے؟
(iii) آنکھوں میں چھپائے پھر رہا ہوں
یادوں کے بجھے ہوئے سویرے
اس شعر کا مفہوم بیان کیجیے۔
(iv) حالی کی غزل کی روشنی میں بتائیے کہ شاعر کے دل سے اور آسمان سے ڈرنے کی کیا وجہ ہے؟

7. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا تفصیل سے جواب لکھیے: $1 \times 4 = 4$

(i) افسانہ ''جنم دن'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(ii) ویکوم محمد بشیر پر ایک نوٹ لکھیے۔

8. درج ذیل سوالات میں سے صرف **دو** کے مختصر جواب لکھیے: $2 \times 3 = 6$

(i) جنرل بری ژالوف کے بارے میں اپنی رائے پیش کیجیے۔

(ii) اچانک چھینک آجانے پر چیر ویاکوف نے کیا کیا تھا؟

(iii) ''جلتی جھاڑی'' میں بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس انداز میں کی گئی ہے؟

(iv) نرمل ورما کے افسانوں کے مجموعوں اور ناولوں کے نام لکھیے۔

## حصہ-ب : اُردو زبان کی تاریخ (30 نمبر)

## (Section-B : History of Urdu Literature) (30 Marks)

9. درج ذیل سوالوں میں سے صرف **تین** کے جواب لکھیے: $3 \times 5 = 15$

(i) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق کوئی دو نظریات کے بارے میں بتائیے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج میں درسی کتابوں کو چھاپتے وقت کن باتوں کا اہتمام کیا گیا تھا؟

(iii) ترقی پسند تحریک کے اغراض و مقاصد کیا تھے؟

(iv) سرسید تحریک سے اُردو زبان کو فائدہ کیسے ہوا؟

(v) دبستان لکھنؤ کے امتیازات کیا تھے؟

10. درج ذیل سوالات کے جواب لکھیے: $2 \times 5 = 10$

(i) مکتوب نگاری میں غالب کا اہم مقام کیوں ہے؟

(ii) احتشام حسین کی تنقید نگاری کی کیا خوبیاں ہیں؟

11. درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے: **5 × 1 = 5**

(i) ان میں سے کون افسانہ نگاری کے لیے مشہور ہے؟

(A) اقبال
(B) قرۃ العین حیدر
(C) مولانا حالی
(D) آرزو لکھنوی

(ii) اقبال کی پیدائش اور انتقال سے متعلق کون سا جوڑ درست ہے؟

(A) 1904 : 1980
(B) 1910 : 1975
(C) 1877 : 1938
(D) 1853 : 1933

(iii) "خالص اُردو" کی اصطلاح کس شاعر نے نکالی؟

(A) مولانا حاؔلی
(B) اقبال
(C) آرزو لکھنوی
(D) معین احسن جذبی

(iv) درج ذیل میں سے نصاب کے مطابق کس کا تعلق رپورتاژ سے ہے؟

(A) غالب
(B) نظم طباطبائی
(C) جمیل مظہری
(D) کرشن چندر

(v) میر امّن کا تعلق کس سے تھا؟

(A) علی گڑھ تحریک
(B) فورٹ ولیم کالج
(C) قدیم دلّی کالج
(D) ترقی پسند تحریک